تعارف و تبصرہ کتب

کتاب	پیارے نبیؐ کی پیاری زبان عربی بذریعہ خط و کتابت
تالیف	مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی
تہذیب و ترتیب	جناب حافظ نذیر احمد صاحب
ناشر	پرنسپل عربی خط و کتابت سکول ۱۸/۲۹ محمد نگر، علامہ اقبال روڈ، لاہور
قیمت اور فیس	مبلغ بیس روپیہ فیس امتحان و سند مبلغ دس روپیہ (کل ۳۰ روپے)
سائز، ضخامت	$\frac{20 \times 30}{16}$ کتابی سائز۔ صفحات ۲۷۶ سفید کاغذ۔ ونڈاٹک چھپائی۔ جلد پیپر بیک
مضمون	۵۵ اسباق پر مشتمل پہلا کورس، جس کی مدد سے عربی زبان پانچ ماہ یا اس سے بھی کم مدت میں گھر بیٹھے سیکھ سکتے ہیں۔

کتاب کی تالیف کے اولین مقاصد یہ ہیں کہ قرآن مجید کے ترجمہ کی استعداد پیدا ہو جائے اور عربی زبان میں گفتگو کرنے کی اہلیت پیدا ہو جائے۔

نیز عرب اور افریقی ممالک جانے والے لوگوں کے لیے یہ کورس بے حد مفید ثابت ہوگا بہرحال کتاب حمید اور دیارِ حبیب کی زبان فہمی کے لیے خط و کتابت سکول کی یہ پیشکش مبارک پیش کش ہے۔ اس پر ہم ان کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں اور ہر مسلمان سے یہ سفارش کرتے ہیں کہ یہ کورس حاصل کر کے عربی سے مناسبت حاصل کریں۔ کیونکہ یہ زبان قرآن پاک کی زبان ہے اور حبیب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان ہے۔ تاکہ کل یہ اعتراض اور ندامت نہ ہو کہ ؎

زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم

مولانا سورتی عربی گرامر کو عام فہم زبان میں پیش کرنے میں خاص شہرت رکھتے ہیں۔ اور حافظ صاحب موصوف تہذیب و ترتیب میں، اس لیے یہ مرقع خاصا دلچسپ اور مفید بن گیا ہے۔

ہر سبق میں آٹھ سے دس نئے لفظ اور دو یا تین قاعدے ہیں۔ سبق کے ساتھ دو یا تین مشقیں ہیں۔ آخر میں تمام مشقوں کے حل، پوری کتاب کی فرہنگ (معجم) اور نہایت مفید ضمیمے اور چارٹ دیے گئے ہیں۔ نیز خط و کتابت سکول نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ چند امتحانی پرچے کامیابی سے حل کرنے کے بعد